Phone call between Prime Minister ShriNarendraModi and Her Excellency MetteFrederiksen, Prime Minister of Denmark

May 14, 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ڈنمارک کے وزیر اعظم عزت مآب میٹ فریڈرکسن کے مابین فون پر بات چیت

14 مئی، 2020

وزیر اعظم نے آج ڈنمارک کے وزیر اعظم عزت مآب میٹ فریڈرکسن کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض سے نمٹنے کے لئے دونوں ممالک میں اٹھائے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے انفیکشن میں اضافے کے بغیر لاک ڈاؤن پابندیوں کو ختم کرنے میں ڈنمارک کی کامیابی کی تعریف کی۔ اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ہندوستانی اور ڈنمارک کے ماہرین ایک دوسرے کے تجربے سے سبق حاصل کرنے کے لئے رابطے میں رہیں گے۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور ڈنمارک تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی اپنی مشترکہ خواہش کا اعادہ کیا، اور کووڈ کے بعد کی دنیا میں دونوں ممالک کے مل کر کام کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوں نے 12 مئی 2020 کو دونوں وزرائے خارجہ کے مابین جوائنٹ کمیشن اجلاس کے کامیاب تنظیم کا خیر مقدم کیا۔

اس بات سے اتفاق کرتے ہوئے کہ صحت کی تحقیق، صاف اور گرین توانائی، اور موسمیاتی تبدیلی کی لچک جیسے شعبوں میں باہمی فائدہ مند تعاون کی زبردست گنجائش ہے، قائدین نے خود کو ہندوستان اور ڈنمارک کے مابین مضبوط گرین اسٹریٹیجک شراکت داری کے حصول کے لئے کام کرنے کا عہد کیا۔

نئی دہلی

14 مئی، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.